بیٹا تمھیں پُکارتا ھیں اٰؤ فاطمة

بیٹا تمھیں پُکارتا ھیں اٰؤ فاطمة
نانا کا دیں سنوارتا ھیں اٰؤ فاطمة

قاسم کا زخم دولھے کا بھي غم اُٹھا لِیا
اِك دوپھر میں کربو بلا کیا دِکھا دِیا
ھر غم جگر کو پھاڑتا ھیں اٰؤ فاطمة

بازو کٹا کے بھائي بھي مقتل میں چل بسا
عبّاس کے لاشے په وه مَظلُوم ھیں کھڑا
اپني کمر سنبھالتا ھیں اٰؤ فاطمة

سینے په برچھي کھا کے گِرا رن میں نورِ عین
اپنے پسر اکبر جوان کے سینے سے حسین
نیزه وه اب نِکالتا ھیں اٰؤ فاطمة

لایا تھا اپنے بچّے کو پاني کے واسطے
لاشه اُسي مَعصُوم کا خود اپنے هاتھ سے
تُربة میں اب اُتارتا هیں اٰؤ فاطمة

تشنه دهن سولاه[١٦] پهر کا خسته تن حسین
تیرو سے چھلني هوگیا سارا بدن حسین
ٹھوکر لعین مارتا هیں اٰؤ فاطمة

هائے یہ وهي حَلَقَ هیں جِسے چُمتے نبي
وہ بوسگاه هیں مُصطفیٰ په هائے اب شقي
خنجر کے رگڑے مارتا هیں اٰؤ فاطمة

طاقت نهیں کہ اٰخري سجده کرے اداء
بیٹے کو دو سهارا کرے سر کو وه فِداء
هِمّت وه تمسے مانگتا هیں اٰؤ فاطمة

گودي میں سر اُٹھالو قیامة کا وقت هیں
اپني رِداء بیچھالو شهادة کا وقت هیں
اب شمر سر اُتارتا هیں اٰؤ فاطمة

زینب تڑپ تڑپ کے دے رهي هیں یہ صدا
اَمّاں تمهارے گھر کو لعیں کر کے بے رِداء
بازاروں سے گُذارتا هیں اٰؤ فاطمة

یا رب دُعاء بُرهانِ هدٰی کي قبول کر
مولیٰ ضریح بنائے وہ قبرِ بتول پر
بس پنجتن کا واسطه هیں اٰؤ فاطمة

چُمے ضریحِ فاطمة بُرهانِ دیں کے ساتھ
هیں یہ دُعاء جمالي کي سب مؤمنیں کے ساتھ
تمسے مدد وہ مَانگتا هیں اٰؤ فاطمة

✱✱✱✱✱